ISSN 2977-3555
روزنامہ
صحافت
برمنگھم
باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر
www.sahafat.in/uk
Birmingham Edition U.K.



فلسطینی مزاحمت جاری ہے اور ہم اس کے ساتھ ہیں: حزب اللہ کے سربراہ
ص:02

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

جلدنمبر(۳)،شمارہ نمبر(۶۶)،بروز جمعہ،۱۲/ستمبر،۲۰۲۵ء،۱۹/ربیع الاول،۱۴۴۷ھ،۸ صفحات
Volume No.03, Issue No.66 , Friday 12 September, 2025, 8 Pages

# اسرائیل کے یمن پر حملے میں 35 افراد جاں بحق

صنعا(یو این آئی)اسرائیل کے یمن کے دارالحکومت صنعا اور الجوف صوبے پر حملے میں 35 افراد جاں بحق ہو گئے۔ یمن کی وزارت صحت کے مطابق ان حملوں میں 131 افراد زخمی بھی ہوئے ہیں۔ الجزیرہ کی ایک رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے یمن کے دارالحکومت صنعا اور الجوف گورنریٹ میں فضائی حملے کیے۔ یہ حملے قطر کے دارالحکومت دوحہ میں حماس کے رہنماؤں کو نشانہ بنانے کے ایک دن بعد کیے گئے ہیں۔ یمن کی وزارت صحت کے مطابق اسرائیل نے صنعا اور الجوف میں رہائشی علاقوں کو نشانہ بنایا، جس میں ایک طبی مرکز بھی شامل ہے۔ اسرائیلی فوج نے ایک بیان میں حملے کی تصدیق کی اور کہا کہ اس نے یمن میں حوثی حکومت سے تعلق رکھنے والے فوجی اہداف کو نشانہ بنایا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق گزشتہ ماہ بھی اسرائیل نے ایک فضائی حملے میں یمنی حکام کو نشانہ بنایا تھا جس میں یمنی وزیراعظم احمد الرحوی بھی شہید ہوئے۔ حوثیوں کا کہنا ہے کہ اسرائیل غزہ کے لیے ان کی حمایت ختم کرنے کے لیے دباؤ ڈال رہا ہے، لیکن انہوں نے غزہ پر اسرائیل کی جنگ ختم ہونے تک کارروائیاں جاری رکھنے کا عزم کیا ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیل نے گزشتہ 72 گھنٹوں میں فلسطین، لبنان، شام، تیونس، قطر اور یمن سمیت 6 ممالک میں حملے کیے ہیں۔

# قطر میں عرب لیگ اور اسلامی تعاون تنظیم کا سربراہ اجلاس طلب

غزہ: قطر کے دارالحکومت دوحہ میں آنے والے اتوار اور پیر کے دنوں میں ایک ہنگامی عرب اسلامی سربراہی اجلاس منعقد کیا جائے گا، جس کا مقصد قابض اسرائیل کے حالیہ حملے کا جواب تیار کرنا ہے، جو گذشتہ منگل کو قطر کو نشانہ بنایا گیا۔ قطری وزیراعظم اور وزیر خارجہ شیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی نے امریکی سی این این نیٹ ورک سے گفتگو میں کہا کہ اجلاس میں شریک ممالک فیصلہ کریں گے کہ اس حملے کے جواب میں کیا اقدامات کیے جائیں اور واضح کیا کہ قطر اپنے علاقائی شراکت داروں سے کسی خاص ردعمل کا مطالبہ نہیں کرے گا۔ وزیر خارجہ نے زور دیا کہ قطر قابض اسرائیل کے وزیراعظم بنجمن نیتن یاھو کی دھمکیوں کو قبول نہیں کرتا، اور کہا کہ خطے سے ایسا ردعمل آئے گا جس پر علاقائی شراکت دار بھی غور کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ نیتن یاھو خطے کے دیگر ممالک کو دھمکیاں دیتا ہے جبکہ ان کے لیے کوئی خطرہ موجود نہیں، اور خطے سے آئندہ ردعمل کی تیاری جاری ہے، جس سے امید ہے کہ قابض اسرائیل کی درندگی کو روکا جا سکے۔ الشیخ محمد بن عبدالرحمن آل ثانی نے مزید کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسرائیلی بمباری کے حوالے سے ایک مضبوط پیغام دیا ہے جسے قطر قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، لیکن عملی اقدامات کے بغیر یہ کافی نہیں۔ وزیر خارجہ نے نشاندہی کی کہ نیتن یاھو قانونی لیکچرز دیتا ہے جبکہ خود بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غزہ میں قحط مسلط کر رہا ہے، اور کہا کہ نیتن یاھو کو بین الاقوامی عدالت سے جواب دہ بنایا جانا چاہیے۔

## گلوبل صمود فلوٹیلا غزہ روانہ، تیونس کے ساحل پر ہزاروں افراد کا تاریخی الوداع

تیونس کے ساحل پر بڑی تعداد میں عوام جمع ہوئے اور غزہ کے لیے روانہ ہونے والے عالمی



صمود فلوٹیلا کو الوداع کہا۔ رپورٹس کے مطابق شرکاء نے فلسطینی عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے فلوٹیلا کے رضا کاروں کو نعروں اور دعاؤں کے ساتھ رخصت کیا۔ اس فلوٹیلا کا مقصد غزہ کے محصور عوام تک انسانی ہمدردی اور مزاحمتی یکجہتی کا پیغام پہنچانا ہے۔ فلوٹیلا میں شریک کارکنان کا کہنا تھا کہ یہ سفر صرف سمندری راستے کا نہیں بلکہ فلسطین کی آزادی کے لیے دنیا بھر کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کا بھی ہے۔

# ٹرمپ کے قریبی ساتھی چارلی کرک قاتلانہ حملے میں ہلاک

## قدامت پسند رہنما کو 200 گز کے فاصلے پر واقع عمارت سے بنایا گیا نشانہ، امریکہ میں سوگ، تین دن کیلئے قومی پرچم سرنگوں

واشنگٹن،(ایجنسیاں): امریکہ میں قدامت پسند نظریات کے مؤثر ترجمان، صدر ٹرمپ کے قریبی ساتھی اور 'ٹرننگ پوائنٹ یو ایس اے' کے بانی چارلی کرک کو یوٹاہ ویلی یونیورسٹی میں ایک تقریب کے دوران فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب وہ طلباء سے خطاب کر رہے تھے۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق کرک کو 200 یارڈ کے فاصلے پر ایک عمارت سے نشانہ بنایا گیا اور گولی ان کی گردن میں لگی۔ واقعے کے فوری بعد انہیں تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کیا گیا تاہم جانبر نہ ہو سکے اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے۔ کرک امریکی قدامت پسند تحریک کی نمایاں آواز اور نوجوانوں میں مقبول ترین شخصیات میں سے ایک تھے۔ ان کی قائم کردہ تنظیم ٹرننگ پوائنٹ یو ایس اے ملک بھر کے 3,500 سے زائد کالج کیمپسز میں سرگرم ہے اور تعلیمی اداروں میں دائیں بازو کے خیالات کو فروغ دیتی ہے۔ واقعے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر تیزی سے وائرل ہو چکی ہیں جبکہ قانون نافذ کرنے والے اداروں خصوصاً ایف بی آئی نے فوری طور پر تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پر اپنے ردعمل میں گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ چارلی کرک نہ صرف ایک عظیم انسان تھے بلکہ وہ میرے اور لاکھوں امریکیوں کے دلوں کی دھڑکن تھے میں اُن کے اہلخانہ سے دلی تعزیت کرتا ہوں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے چارلی کرک کے قتل پر ملک بھر میں 3 روزہ سوگ کا اعلان کیا ہے اور وائٹ ہاؤس سمیت ملک بھر میں اتوار تک امریکی پرچم سرنگوں رہے گا۔ ریاست یوٹاہ کے گورنر اسپنسر کاکس نے بھی واقعے پر افسوس کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ مسلسل تفتیشی اداروں کے ساتھ رابطے میں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ امریکہ میں اس قسم کی پُرتشدد کارروائیوں کی کوئی گنجائش نہیں۔ ذمہ دار عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ یاد رہے کہ چارلی کرک نہ صرف سیاسی میدان میں سرگرم تھے بلکہ وہ امریکی نوجوانوں میں قدامت پسند نظریات کے فروغ کے لیے ایک تحریک کی شکل اختیار کر چکے تھے۔





'ٹرننگ پوائنٹ یو ایس اے' کے بانی چارلی کرک امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ کے ساتھ (دائیں) واردات کے وقت چارلی کرک طلباء کے گروپ کو خطاب کرتے ہوئے

ایف بی آئی کے ڈائریکٹر کا کہنا ہیکہ چارلی کرک پر حملہ کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چارلی کی ہلاکت سیاسی قتل ہے، فائرنگ ممکنہ طور پر یونیورسٹی کیمپس کی چھت سے کی گئی۔

# قطر پر صہیونی حملے پر احتجاج: کینیڈا کا بھی اسرائیل پر پابندیاں عائد کرنے کا عندیہ

اوٹاوا،(ایجنسیاں): کینیڈا نے اعلان کیا ہے کہ قطر میں حماس رہنماؤں پر حملے کے بعد اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات کا ازسرِ نو جائزہ لے رہے ہیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق کینیڈا کی وزیر خارجہ انیتا آنند نے کہا کہ دوحہ میں اسرائیلی حملہ کسی طور قابل قبول نہیں ہے۔ خاص طور پر جب قطر مشرقِ وسطیٰ میں امن قائم کرنے کی کوششوں میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ وزیر خارجہ انیتا آنند نے حکمران لبرل پارٹی کے اجلاس کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ ہم اسرائیل کے ساتھ اپنے تعلقات کا جائزہ لے رہے ہیں۔ جب ان سے سوال کیا گیا کہ کینیڈا بھی اسرائیل پابندیاں عائد کرسکتا ہے تو وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم اپنے اگلے اقدامات کا مسلسل جائزہ لے رہے ہیں۔ یہ بیان ایسے وقت سامنے آیا ہے جب یورپی کمیشن کی صدر ارزولا فان ڈیر لاین نے اسرائیل پر پابندیاں لگانے اور اس کے لیے تعاون کم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ خیال رہے کہ کینیڈا کا اسرائیل کے حوالے سے مؤقف وزیرِاعظم مارک کارنی کے اقتدار میں آنے کے بعد سخت ہوا ہے۔ کارنی نے جولائی میں اعلان کیا



تھا کہ کینیڈا فلسطینی ریاست کو باضابطہ طور پر تسلیم کرے گا، جس پر اسرائیل نے شدید ردعمل دیا۔ سابق وزیرِاعظم جسٹن ٹروڈو عام طور پر اسرائیل کی حمایت کرتے تھے لیکن بعض اوقات فوجی کارروائیوں پر تنقید بھی کرتے رہے۔ کارنی نے منگل کو اسرائیلی فضائی حملے کی مذمت کرتے ہوئے اسے 'ناقابلِ برداشت اور تشویشناک تشدد' قرار دیا جو پورے خطے میں تنازع کو مزید بھڑکا سکتا ہے۔ انہوں نے گزشتہ ماہ یہ بھی کہا تھا کہ غزہ سٹی پر اسرائیل کا قبضے کا منصوبہ 'غلط' ہے۔

## دوحہ میں حماس کا دفتر امریکی درخواست پر کھولا گیا تھا: قطری وزیراعظم کی تصدیق

دوحہ(یو این آئی) قطری وزیرِاعظم محمد بن عبد الرحمٰن بن جاسم بن جبر الثانی نے تصدیق کی ہے کہ حماس کا دفتر دوحہ میں امریکی درخواست پر کھولا گیا تھا۔ حالیہ انٹرویو کے دوران ایک سوال کے جواب میں قطری وزیرِاعظم نے بتایا ہے کہ حماس کا دفتر مکمل شفافیت اور امریکہ سے مشاورت کے بعد قائم کیا گیا تاکہ ایک باضابطہ رابطہ چینل کھولا جا سکے جیسا کہ طالبان کے ساتھ کیا گیا تھا۔ انہوں نے وضاحت کی کہ دوحہ میں حماس کے دفتر کا مقصد حماس کے نظریات کی حمایت نہیں بلکہ خطے میں امن کے قیام اور استحکام کے لیے مذاکراتی عمل کو سہولت فراہم کرنا تھا۔ یاد رہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی سرزنش اور عالمی برادری کے شدید ردِعمل کے باوجود اسرائیل نے قطر میں حماس پر دوبارہ حملوں کی دھمکی دی ہے۔ امریکہ میں اسرائیلی سفیر یچیل لیٹر کا کہنا ہے کہ اگر ہم اس بار انہیں نشانہ نہ بنا سکے تو اگلی دفعہ پھر انہیں ہدف بنالیں گے، ہمیں قطر کے لوگوں سے کوئی مسئلہ نہیں ہے، اس حملے کا نشانہ حماس تنظیم تھی۔ دوسری جانب اقوام متحدہ میں اسرائیلی سفیر نے بھی دوحہ حملوں کا دفاع کیا ہے۔

# غزہ میں مزید 89 فلسطینی شہید

## لندن میں اسرائیلی صدر کے دورے کے خلاف احتجاج

یروشلم/لندن،(ایجنسیاں) غزہ پر اسرائیلی فوج کے حملے جاری ہیں اور 24 گھنٹوں کے دوران مزید 89 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، شہدا کی مجموعی تعداد 64 ہزار 6 سو سے بڑھ گئی۔ طبی ذرائع کے مطابق بدھ کی صبح سے جاری اسرائیلی فوج کی مسلسل فائرنگ اور فضائی حملوں میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 80 تک پہنچ گئی، جن میں سے تقریباً 60 شہادتیں غزہ شہر میں ہوئی ہیں۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 89 افراد کی لاشیں غزہ کے اسپتالوں میں لائی گئیں۔ اس کے علاوہ مزید 184 افراد زخمی ہوئے۔ ان اعداد و شمار کے مطابق جنگ کے آغاز سے اب تک اسرائیلی حملوں میں شہید ہونے والوں کی تعداد 64 ہزار 656 ہوگئی ہے جبکہ زخمیوں کی تعداد ایک لاکھ 63 ہزار 503 تک پہنچ گئی ہے۔ ادھر سوشل میڈیا پر گردش کرنیوالی اور الجزیرہ کی جانب سے تصدیق شدہ فوٹیج میں دکھایا گیا ہے کہ لندن میں فلسطین حامی کارکنان کو پولیس دھکیل رہی ہے جب وہ اسرائیلی صدر کے برطانیہ دورے کیخلاف احتجاج کر رہے تھے۔ انسٹاگرام پر جاری ویڈیو میں وسطی لندن میں ہرزوگ کی رہائش کے قریب ایک تناؤ کی صورتحال نظر آتی ہے، جہاں پولیس افسر بار بار 'پیچھے ہٹو' چلاتے اور نعرے لگانے والے مظاہرین کو دھکیلتے دکھائی دیتے ہیں۔ درجنوں برطانوی سیاستدانوں نے اسٹارمر کو خط لکھ کر اس دورے پر اپنی 'گہری تشویش' کا اظہار کیا ہے جبکہ کارکنان نے ہرزوگ کے خلاف جنگی جرائم کے الزامات پر ان کی گرفتاری کے لیے وارنٹ جاری کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ دوسری جانب ایک برطانوی این جی او نے اسرائیلی صدر ہرزوگ کی برطانیہ آمد پر



گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔ فرینڈز آف الاقصیٰ (ایف او اے)، جو فلسطینیوں کے انسانی حقوق کے لیے کام کرنے والی ایک تنظیم ہے، نے ہرزوگ کے خلاف فوجداری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے کیونکہ ان پر الزام ہے کہ انہوں نے غزہ میں 'اسرائیلی فوج کی شہریوں اور شہری تنصیبات پر اندھادھند حملوں' کی حوصلہ افزائی کی۔

# ایران اور عالمی ایٹمی توانائی ایجنسی میں معاہدہ طے

## فی الحال آئی اے ای اے کے معائنہ کاروں کو کوئی رسائی نہیں دی گئی ہے: عباس عراقچی

نیویارک،(ایجنسیاں): اقوامِ متحدہ کے جوہری نگران ادارے (آئی اے ای اے) کے سربراہ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ کے نئے تعاون کے فریم ورک میں اسلامی جمہوریہ کی 'تمام تنصیبات اور سہولتیں' شامل ہیں، تاہم ایران نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ از خود رسائی پیدا نہیں کرتا۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کی رپورٹ کے مطابق ایران نے منگل کو آئی اے ای اے کے ساتھ ایک معاہدہ کیا ہے، یہ پیشرفت جون میں اسرائیل کے ساتھ جنگ میں تعاون معطل کرنے کے بعد سامنے آئی ہے۔ 12 روزہ جنگ کے دوران اسرائیلی اور امریکی حملوں نے ایران کی جوہری تنصیبات کو نشانہ بنایا تھا، اس کے بعد سے آئی اے ای اے کو ایٹمی تنصیبات تک رسائی حاصل نہیں ہو سکی۔ آئی اے ای اے کے سربراہ رافیل گروسی نے کہا کہ معاہدے کی دستاویز معائنوں کے طریقہ کار کیلئے ایک واضح سمجھ بوجھ فراہم کرتی ہے۔ اقوام متحدہ کے جوہری نگران ادارے کا کہنا ہے کہ معاہدہ 'تمام تنصیبات' کا احاطہ کرتا ہے، جب کہ ایران کے وزیرِ خارجہ کا کہنا ہے کہ تنصیبات کے معائنوں کے لیے علیحدہ مذاکرات ہوں گے۔ رافیل گروسی نے ویانا میں ادارے کے بورڈ آف گورنرز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ معاہدے میں ایران کی تمام تنصیبات اور سہولتیں شامل ہیں، اور اس میں ان تمام متاثرہ تنصیبات پر رپورٹنگ بھی شامل ہے، جن میں وہاں موجود جوہری مواد بھی شامل ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے معاہدے کی حد کو کم کر کے پیش کیا اور کہا کہ معاہدہ بذاتِ خود آئی اے ای اے معائنہ کاروں کیلئے رسائی پیدا نہیں کرتا۔ عراقچی نے بدھ کو نشر ہونے والے ایک انٹرویو میں کہا کہ فی الحال آئی اے ای اے



کے معائنہ کاروں کو کوئی رسائی نہیں دی گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران بعد میں جو رپورٹس فراہم کرے گا، ان کی بنیاد پر رسائی کی نوعیت وقت کے ساتھ ساتھ طے کی جائے گی۔ حالیہ معائنہ دیگر کلیدی مقامات، بشمول فردو اور نطنز، جنہیں جون کے حملوں میں نشانہ بنایا گیا تھا، تک رسائی پر مشتمل نہیں تھا۔ رافیل گروسی نے بورڈ کے اجلاس میں کہا کہ ایران اور ایجنسی اب ایک باعزت اور جامع طریقے سے تعاون دوبارہ شروع کریں گے، عملی اقدامات اب نافذ کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یقیناً مشکلات اور مسائل پیش آسکتے ہیں، لیکن اب ہمیں معلوم ہے کہ ہمیں کیا کرنا ہے۔

# 'اسرائیلی جارحیت روکنے کیلئے اقدامات ناگزیر ہے'

## مجلس شوریٰ کونسل کے اجلاس میں سعودی ولی عہد نے کہا 'مملکت قطر کے ہر اقدام میں اس کے شانہ بشانہ کھڑی ہے'

ریاض،(ایجنسیاں): سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس قسم کی جارحیت کا



مقابلہ کرنے اور اسے روکنے کیلئے فوری اقدامات ضروری ہیں۔ مجلس شوریٰ کونسل کے سالانہ اجلاس سے خطاب میں سعودی ولی عہد نے کہا کہ مملکت قطر کے ہر اقدام میں اسکے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ غزہ فلسطینی زمین ہے اور کوئی بھی طاقت فلسطینی عوام کو ان کے جائز حقوق سے محروم نہیں کرسکتی۔ دوسری جانب عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان بھی اظہارِ یکجہتی کیلئے دوحہ پہنچے جہاں امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی نے ائیر پورٹ پر ان کا استقبال کیا۔ قطر کے وزیراعظم نے دوحہ پر اسرائیلی حملے کو ریاستی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس جارحیت نے یرغمالیوں کی رہائی کی تمام امیدیں ختم کردی ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ادھر مصر کے صدر عبدالفتاح السیسی اور اردن کے شاہ عبداللہ دوم نے بھی قطر کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اعلان کیا۔ واضح رہے کہ ایک روز قبل اسرائیل نے قطر کی راجدھانی دوحہ میں حماس قیادت پر فضائی حملہ کیا تھا، جس میں خلیل الحیا کے بیٹے سمیت 6 افراد شہید ہوگئے تاہم حماس کی مرکزی قیادت محفوظ رہی۔



دوسری جانب متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید النہیان بھی اظہارِ یکجہتی کے لیے دوحہ پہنچے جہاں امیر قطر شیخ تمیم بن حمد الثانی نے ائیر پورٹ پر ان کا استقبال کیا۔ قطر کے وزیراعظم نے دوحہ پر اسرائیلی حملے کو ریاستی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس جارحیت نے یرغمالیوں کی رہائی کی تمام امیدیں ختم کردی ہیں۔

# کٹھمنڈو کے نوجوان میئر بالندر شاہ نیپال کے نئے سیاسی ہیرو قرار، وزیراعظم کے متوقع امیدوار

## سروے میں 74 فیصد نوجوانوں کی حمایت حاصل، عالمی سطح پر بھی ملی پہچان

کٹھمنڈو،(ایجنسی): کٹھمنڈو کے نوجوان میئر بالندر شاہ کو نیپال کا نیا سیاسی ہیرو قرار دے دیا گیا، وہ وزیراعظم کے متوقع امیدوار بھی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق نیپال کی راجدھانی کٹھمنڈو کے نوجوان میئر بالندر شاہ (عرف بالن شاہ) ملک کے نئے سیاسی ہیرو بن گئے ہیں، 2022 کے بلدیاتی الیکشن میں آزاد امیدوار کی حیثیت سے کامیابی حاصل کرنے والے بالندر شاہ اب وزارتِ عظمیٰ کے لیے پسندیدہ امیدوار کے طور پر ابھرے ہیں۔ ایک حالیہ سروے سے یہ بات سامنے آئی کہ نیپال کی جنریشن زیڈ کی بڑی تعداد بالندر شاہ کو مستقبل کا وزیراعظم دیکھنا چاہتی ہے۔ سروے میں 74 فیصد نوجوانوں نے ان کے حق میں ووٹ دیتے ہوئے کہا کہ 'مستقبل کی قیادت کے لیے بالندر ہمارا پہلا انتخاب ہیں'۔ بالندر شاہ کٹھمنڈو کے 15ویں میئر ہیں۔ وہ پیشے کے اعتبار سے سول انجینئر اور شوقیہ گلوکار ہیں، میئر کے طور پر اپنے دور میں انہوں نے متعدد اصلاحات متعارف کرائیں اور کرپشن کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اختیار کی، جو ان کی سب سے بڑی پہچان سمجھی جاتی ہے۔ سوشل میڈیا پر نوجوان طبقہ بالندر شاہ کی بھرپور حمایت کررہا ہے، جبکہ عالمی سطح پر بھی انہیں پہچان مل رہی ہے۔ امریکی



جریدے ٹائم میگزین نے 2023 میں بالندر شاہ کو دنیا کی 100 ابھرتی ہوئی شخصیات میں شامل کیا تھا۔ خیال رہے نیپال کی راجدھانی کٹھمنڈو میں تیسرے روز بھی کرفیو برقرار ہے، نیپالی فوج کا گلیوں اور سڑکوں پر گشت جاری ہے اور اب تک 25 افراد کو حراست میں لیا جاچکا ہے۔ یاد رہے نیپال میں افراتفری پھیلنے پر فوج نے ملک کا کنٹرول سنبھال لیا تھا، آرمی چیف اشوک راج نے قوم سے ویڈیو خطاب میں مظاہرین کو مذاکرات کی دعوت دی تھی جس کے بعد مظاہرین اور حکام کے درمیان مذاکرات کی تیاریاں جاری ہیں۔ پُرتشدد احتجاج میں اب تک 22 شہری ہلاک اور 500 سے زائد زخمی ہوچکے ہیں، مظاہرین نے سابق وزیراعظم جلاناتھ کھنال کے گھر کو بھی جلا دیا۔ احتجاج کرنے والے 'جین زی گروپس' نے کٹھمنڈو میں تباہی سے لاتعلقی کا اعلان کردیا اور کہا کہ انکی تحریک کو 'موقع پرستوں نے ہائی جیک' کرلیا، ہماری پُرامن تحریک ہے، ہمارا مطالبہ احتساب، شفافیت اور بدعنوانی کا خاتمہ ہے۔ واضح رہے نیپالی حکومت نے گزشتہ ہفتے سوشل میڈیا پر پابندی لگادی تھی جس پر نوجوانوں کے مظاہرے شروع ہوئے تھے اور انہیں جین زی انقلاب کا نام دیا گیا تھا۔

## حکومت کی کمان سنبھالنے کے معاملے پر صدر، جین-زی اور فوج کے درمیان مشاورت

کٹھمنڈو: نیپال میں حکومت کی کمان سنبھالنے کے مسئلے پر فوج کی ثالثی میں صدر رام چندر پوڈیل اور جین-زی کے نمائندوں کے درمیان جمعرات کو مشاورت ہوئی، کانتی پور اخبار نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر یہ اطلاع دی ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ ملک میں عبوری حکومت کے قیام کے مسئلے پر نیپالی فوج کی مدد سے جین-زی تحریک کے کارکنوں اور مسٹر پوڈیل کے درمیان تبادلہ خیال ہوا۔ اس گفتگو میں سابق چیف جسٹس سُشیلا کارکی کو عبوری حکومت کی سربراہ مقرر کرنے پر بھی بات ہوئی۔ جج کارکی کے قریبی ذرائع نے بتایا کہ وہ کوئی قدم اٹھانے سے پہلے فوج سے اور اس کے بعد صدر پوڈیل سے ملک کی صورتحال پر بات کریں گی۔

## گھر سمیت جلائی جانے والی سابق نیپالی وزیراعظم کی اہلیہ زندہ نکلیں، اسپتال میں زیر علاج

کٹھمنڈو،(یو این آئی) نیپال کے سابق وزیراعظم جھالا ناتھ کھنل کی اہلیہ، جنہیں پُرتشدد ہنگاموں کے دوران جلا دیا گیا تھا، اسپتال میں زیر علاج ہیں۔ تاہم ان کی حالت اب بھی تشویش ناک ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق سابق وزیراعظم جھالا ناتھ کھنل کی اہلیہ راجی لکشمی چتراکر کو مظاہرین نے اس وقت زندہ جلا دیا تھا، جب پُرتشدد ہنگاموں کے دوران وزیراعظم کے گھر کو آگ لگائی گئی تھی۔ مشتعل مظاہرین کی جانب سے سابق وزیراعظم کی اہلیہ کو زندہ جلائے جانے کا یہ واقعہ دو روز قبل نیپال کی راجدھانی کھٹمنڈو کے علاقے ڈالو میں ان کی رہائش گاہ پر پیش آیا تھا، جس میں راجی لکشمی چتراکر جھلس کر زخمی ہو گئیں تھی۔ تاہم اب وہ اسپتال میں زیر علاج ہیں اور صحت یاب ہو رہی ہیں۔ اس سے قبل یہ خبریں سامنے آئیں تھیں کہ زندہ جلائے جانے کے سبب راجی لکشمی کی موت ہوگئی ہے۔

